www.dailyaaj.com.pk

پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا اکثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشنی کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

گروپ چیف ایگزیکٹو نگہت شاہین

بانی عبدالواحد یوسفی

ایبٹ آباد پاکستان

جلد 28 | اتوار 26 مئی 2024ء 17 ذوالقعدہ 1445ھ 13 جیٹھ قیمت 20 روپے | شمارہ 198

وفاقی محتسب کے ادارے پر عوامی اعتماد بڑھتا جا رہا ہے، عبدالغفور

سائلین کی جانب سے وفاقی محکموں اور دیگر اداروں کیخلاف شکایات میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے جو عوامی اعتماد کا ثبوت ہے

ادارہ عوام کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ہے، ادارے کو عدالت کی حیثیت حاصل ہے

ایبٹ آباد (آج نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی جانب سے عوام الناس کو مہیا کرنے سے وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کا اعتماد بڑھتا جا رہا ہے۔ وفاقی محتسب کے ادارے میں سائلین کی جانب سے وفاقی محکموں اور دیگر اداروں کے خلاف شکایات میں دن بدن اضافہ اس بات کی دلیل ہے کہ عوام کا وفاقی محتسب کے ادارے پر اعتماد بڑھتا جا رہا ہے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

بقیہ نمبر 47 | عبدالغفور

انچارج عبدالغفور بیگ نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے کو عوامی عدالت کی حیثیت حاصل ہو چکی ہے جہاں ہر طبقہ کے افراد بلا خوف و خطر اپنے مسائل کے حل کے لئے رابطہ کرتے ہیں۔ عبدالغفور بیگ نے کہا کہ وفاقی محتسب میں زیادہ تر شکایات محکمہ واپڈا کی جانب سے غلط ریڈنگ اور زائد بلوں کے خلاف آتے ہیں علاوہ ازیں محکمہ نادرہ، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان بیت المال، چیف لائف انشورنس، سی پیک، پاکستان ریلویز، سوئی گیس، چیف ڈیپارٹمنٹ، کنٹرولر ملٹری پنشن، کنٹونمنٹ بورڈ، ایمپلائز اولڈ ایج پنشن، پاسپورٹ کیخلاف شکایات موصول ہوتی ہیں